PUNJAB EDUCATION INITIATIVES MANAGEMENT AUTHORITY

حوالہ نمبر: PEIMA/PSSP/CIR/2025/8134A

تاریخ: 02-11/2025

محترم PSSP لائسنسیز!

عنوان: اہم ہدایات برائے ڈیٹا اپڈیٹ، ب-فارم اور اساتذہ کی تنخواہوں کی ادائیگی

السلام و علیکم!

امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ براہ کرم درج ذیل اہم ہدایات پر فوری عملدرآمد یقینی بنائیں:

1. طلبہ اور اساتذہ کے ڈیٹا کی بروقت اپ-ڈیشن سے متعلق ہدایات:

تمام لائسنسیز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے سکولوں میں طلبہ اور اساتذہ کے ڈیٹا کو فوری طور پر اپڈیٹ کریں تا کہ کسی بھی قسم کی مالی یا انتظامی رکاوٹ سے بچا جا سکے۔

- Student Information System (SIS) اپڈیٹ کرنے کے لیے پورٹل 10 فروری 2025 سے 20 فروری 2025 تک کھلا رہے گا۔
- تمام لائسنسیز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس مقررہ مدت کے اندر طلبہ اور اساتذہ کا ڈیٹا مکمل اور درست طریقے سے اپڈیٹ کریں۔
- کسی بھی طالبعلم کا بغیر ب-فارم اندراج یا کسی استاد کا Teacher Information System (TIS) میں اندراج نہ ہونا سکول کی ادائیگی اور آپریشنل معاملات پر اثر ڈال سکتا ہے، لہٰذا اس معاملے میں کوتاہی نہ برتی جائے۔

لہٰذا، آپ پر لازم ہے کہ:

- تمام طلبہ کا ب-فارم حاصل کریں اور ہر داخل طالبعلم کی ب-فارم کی کاپی سکول کے ریکارڈ میں جماعت اور رول نمبر کی ترتیب سے محفوظ رکھیں تا کہ تصدیقی عمل کے دوران فوری مہیا کی جا سکے۔
- اگر کسی طالبعلم کا ب-فارم SIS میں غلط یا نامکمل ہو گا تو سکول کی ادائیگی روک دی جائے گی، اور اس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ لائسینسی پر عائد ہو گی۔

2. اساتذہ کی تنخواہوں سے متعلق ہدایات:

تمام لائسینسیز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اساتذہ کی تنخواہیں حکومت کے کم از کم اجرت کے قانون اور کام کے اوقات کے مطابق ادا کریں۔ مزید برآں، ہر استاد کی تنخواہ کا اندراج PEIMA-TIS میں لازمی کیا جائے۔

PUNJAB EDUCATION INITIATIVES MANAGEMENT AUTHORITY

اساتذہ کو تنخواہوں کی ادائیگی کے حوالے سے درج ذیل نکات پر عمل کرنا ضروری ہے:

- تمام اساتذہ کو ماہانہ تنخواہ صرف ڈیجیٹل ذرائع (مثلاً بینک، ایزی پیسہ، جاز کیش وغیرہ) کے ذریعے ہی ادا کی جائے۔
- نقد ادائیگی یا کسی غیر مستند طریقہ کار کے ذریعے تنخواہ دینے کی اجازت نہیں ہوگی۔
- اگر کسی بھی سکول میں اساتذہ کی تنخواہ کی ادائیگی ان ہدایات کے مطابق نہ ہوئی تو قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

لٰہذا، آپ سے گزارش ہے کہ ان ہدایات پر فوری عملدرآمد یقینی بنائیں تاکہ کسی بھی قسم کی مالی یا انتظامی رکاوٹ سے بچا جا سکے۔

خیر اندیش

ڈائریکٹر پروگرام

پنجاب ایجوکیشن انیشی ایٹوز مینجمنٹ اتھارٹی (PEIMA)

لاہور

کاپی برائے اطلاع:

1۔ پی-ایس ٹو سی-ای-او، پیما (PEIMA)

2۔ ڈائریکٹر فنانس، پیما (PEIMA)

3۔ آفس کاپی